غور و تامل دیکھے اور ان سے عبرت پذیر ہو، ہماری موجودہ دنیا حیرت انگیز انکشافات کی عجیب و غریب دنیا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انسانی ذہن و اختراع کے ہاتھ نے فطرت کے ایک ایک بھید کو برافگندہ نقاب کرنے کا عزم کرلیا ہو۔ لیکن سائنس کو جس قدر زیادہ ترقی ہوتی جاتی ہے اور کائناتِ عالم کے اسرار و رموز جتنے زیادہ ظاہر ہوتے جارہے ہیں، اسی قدر خدا کی حکمتِ بالغہ اور اس کی قدرتِ تامہ کا ظہور ہوتا جارہا ہے چنانچہ مصر کے مشہور فاضل علامہ جوہر طنطاوی نے اپنی تفسیر "الجواہر فی تفسیر القرآن" میں جا بجا مختلف علوم و فنونِ جدیدہ کی روشنی میں قرآن مجید کی تفسیر لکھی ہے جو اپنے انداز کی ایک بالکل نئی اور انوکھی تفسیر ہے۔ اس کے علاوہ آپ نے جواہر العلوم کے نام سے ایک مستقل کتاب بھی لکھی تھی جس میں زمین و آسمان کے عجائبات بیان کرکے انھیں قرآن مجید کی آیات بینات سے تطبیق دی گئی ہو۔ زیر تبصرہ کتاب اسی کا صاف اور سلیس اردو ترجمہ ہے۔ عام تعلیم یافتہ اور خصوصاً نوجوانوں کے لئے اس کا مطالعہ بصیرت و عبرت کا سبب ہوگا۔

دل کی آواز اور آخری فیصلہ | از جناب قیسی صاحب رامپوری تقطیع خورد ضخامت ۲۰۷ و ۱۷۵ صفحات کتابت و طباعت عمدہ قیمت ۱۲ و ۱۲ علی الترتیب پتہ:۔ کتابستان پوسٹ بکس ۳۱۶۴ بمبئی نمبر ۳

قیسی صاحب اردو کے متعارف افسانہ نگار ہیں شگفتگی اور ظریفانہ سنجیدگی ان کی تحریریں نمایاں ہوتی ہیں۔ اب آپ نے ایک نئے طرز پر یہ دو ناول لکھے ہیں جن کا مقصد خود قیسی صاحب کی زبان میں یہ ہے کہ "آج کل کے گندے اور عریاں ناولوں کی بجائے ایسے ناول لکھنے کی ضرورت ہے جو نوجوانوں کو حسین خیالات کے بار سبک سے دلبے رہے تاکہ وہ کسی مدعا بے حصول کی تلاش میں شب گردانی سے بچے رہیں" مصنف اپنے اس مقصد میں کہاں تک کامیاب ہوئے ہیں؟ اس کے جواب میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ بعض خاص خاص جملوں کے علاوہ مجموعی اعتبار سے یہ ناول سنجیدہ اور متین ہیں اور لطف یہ ہے کہ "رومانیت" اور وارداتِ حسن و عشق کے ذکر سے بھی خالی نہیں۔

سیر کائنات | مترجمہ حفیظ احمد خاں صاحب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ عثمان آباد۔ تقطیع خورد ضخامت ۲۷۸ صفحات